एप्रिल फूल

اپریل فول

اداکاران
ساحرہ بانو۔ چاند عثمانی
لبوا جیت
قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
اپریل فول فلم کے

گانا نمبر ۱ — اُن کی پہلی نظر کیا اثر کر گئی مجھ کو کیا ہو گیا ہے۔ خدا جانے
ایک بجلی گری اور میں مر گئی۔ مجھ کو کیا ہو گیا ہے۔ خدا جانے

دن میں سو بار میں آئینہ دیکھوں
جانے کس کے لئے روز سجنے لگوں
ایسا چھایا کسی کی نظر کا نشہ
دو قدم بھی چلوں تو بہکنے لگوں
دل گیا تو گیا زندگی ہر گئی
مجھ کو کیا ہو گیا ہے۔ خدا جانے

جی یہ چاہتا ہے باہوں میں لوں آسماں
دل یہ کہتا ہے پنچھی بن ہو آشیاں
ہونٹ دانتوں میں اپنے دبائی ہوں میں
دل میں ارمان لینے لگے چٹکیاں
چین آتا نہیں بیکلی بڑھ گئی
مجھ کو کیا ہو گیا ہے۔ خدا جانے
ایک بجلی گری ——

ہر نظارہ مجھے تو نرالی لگے
پھول جو بھی کھلے وہ گلابی لگے

جاگ اُٹھی انگ میں پیار کی بجلیاں
دِل کی موجوں سے طوفان شباب اُٹھے
ہائے جیون میں اک آگ سی بھر گئی
مجھ کو کیا ہو گیا ہے۔ خدا جانے
ایک بجلی گری —

گانا نمبر ۱۰:- کہہ دو کہہ دو جہاں سے
کہہ دو عشق پر زور نہیں
مر جائیں گے ایک دوسرے پر
مچے گا شور نہیں

لڑکی:- تیرا تصور ستائے گا صبح و شام
پیار بھرے طوفاں اُٹھائے صبح و شام
سپنے سہانے دکھائے صبح و شام
دِل کی زبان پر رہتا ہے تیرا نام
ہائے تم سا کہاں سے لاؤں
جہاں میں کوئی اور نہیں
مر جائیں گے ایک دوسرے پر
مچے گا کوئی شور نہیں
کہہ دو کہہ دو . . .

لڑکا:- دیپ کہیں جلے پتنگا وہیں جائے
چاند کہیں کھلے چکورا وہیں جائے
پھول کہیں مہکے تو بھنورا وہیں جائے

دل کا پپیہا تیرے ہی پاس آئے
میرا دل ہے وہ پاگل پنچھی
کہ ایسا تو جیکو رہیں
مرجائیں گے......
کہہ دو کہہ دو...

لڑکی:۔ پیار کی اگن میں جلے ہیں دو من
کم نہیں ہوگی یہ پیار کی لگن
پیار ہے وہ شعلہ بجھے گا نہ کبھی
چاہے کتنا پانی گرائے گگن
پیار اتنی جیسی زندگی ہے
کہ ایسا کوئی دور نہیں
مرجائیں گے ایک...
کہہ دو کہہ دو...

گانا نمبر ۱۳:۔ اپریل فول بنایا
تو ان کو غصہ آیا
تو میرا کیا قصور۔ زمانے کا کیا قصور
جس نے دستور بنایا

دلبرا و جانِ جاناں
غصے سے روپ میں لگتی ہو اور حسین
تیری قاتل ادائیں
مار ہی ڈالیں گی تو تم اس کا یقین

اپریل فول بنایا

دِل سے دِل کی پہچان ہوتی
جاگی محبت گانے لگی زندگی
ہم نے دُنیا میں آکر
وہ رُوپ دھارا زندہ ہوئی عاشقی

اپریل فول بنایا ـــ

گانا نمبر ۴: میری محبت پاک محبت اور جہاں کی خاک محبت
کہیں نہیں پیار نہ ہو جائے۔ اونچ نیچ کے چلنا حضور
پورب پچھم اُتر دکھن
میرے پیار کی سیما
میرا پیار ہے اِتنا اُونچا
جیسے رام رحیما
میری محبت پاک محبت ۔ اور جہاں کی خاک محبت
تجھ کو پاکر سورگ ہے سُندر
منزل میں نے پائی
تیرے پیار میں مرجانے کی۔ قسم ہے میں نے کھائی
میری محبت پاک ـــ

گانا نمبر ۵: تم گلے لگ جاؤ میرے بیٹھے میرے اپنے میرے پاس آ
آباد ہے تو میری دھڑکنوں میں۔ میری جان تجھ میں لسی ہے
بادل سے جو آس ہے مور کو میرے دل کو وہ تجھ سے لگی ہے
اِک تیری مسکان انگڑائی ۔ لیتی ہوئی میری تقدیر جاگے

ایک تیری جھلکی چلی جائیں۔ پل میں میری منزل میرے آگے
آ۔ گلے لگ جا۔

مت آزما تو میرے پیار کو کھیل ہے یوں میری زندگی سے
اُلفت کے ماروں کو کیا کرنا جان دیا دیتے ہیں جو خوشی سے
بہ حسن جس کو ملے جان جاں ہے دِ نی اس کی چنتی نہیں ہے
ہو خوبرو چاند سے جو حسین ہے۔ بد بختی اس کو سمجھتی نہیں ہے
آ۔ گلے لگ جا۔

گانا نمبر ۱۶ میرا نام میٹا کرسٹینا۔ ہائی ہائی ہائی ہائی آ
یں ہوں ہیروں کی حسینہ۔ ہائی ہائی

پلکوں پہ سجا لوں تم کو۔ آنکھوں میں بٹھلا دوں
اپنے دِل میں رکھ لوں تم کو۔ دنیا سے چھپا دوں
دِل کی بات نظر سے کہہ دوں۔ گیتوں میں سمجھا دوں۔ میرا نام
آنکھیں میری نیلم جیسی۔ پیار کے دو پیمانے
ایسی مدھرا کہاں ملے گی۔ پی لے او مستانے
جا جا دِل کی آگ میں جل جا۔ او ناداں پروانے۔ میرا نام
کیا رکھا ہے اس بار نہ جاؤ۔ او راہی البیلے
منزل تیرے پاس کھڑی ہے۔ تو باہوں میں لے لے
دنیا کی ہر چیز اسی کی۔ شعلوں سے جو کھیلے میرا نام
گانا نمبر ۱۷ لڑکا۔ تجھے پیار کرتے ہیں کرتے رہیں گے
کہ دِل بن کے دِل میں دھڑکتے رہیں گے
لڑکی:۔ تیرا نام لے لے کے جیتے رہیں گے

تیرا نام لے لے کے مرتے رہیں گے

لڑکا۔ تجھے بھول جاؤں یہ ممکن نہیں ہے
کہیں بھی رہوں میرا دل تو یہیں ہے
گذرنے کو یہ دن گذرتے رہیں گے
کہ دل بن کے دل میں دھڑکتے رہیں گے
تجھے پیار ——

لڑکی:۔ حسین بھول کی زندگانی میں کیا ہے
ابھی ہنس رہا تھا ابھی رو رہا ہے
جو گذرے خوشی میں وہی زندگی ہے
نہیں تو یہ دنیا بری ہے بری ہے
تیری دُھن میں بنتے سنورتے رہیں گے
کہ دل بن کے دل میں دھڑکتے رہیں گے
تیرا نام لے لے کے جیتے رہیں گے
تجھے پیار ——

لڑکا۔ اگر مر گیا روح جایا کرے گی
تجھے دیکھ کر گیت گایا کرے گی
مجھے دیکھ کر تم نہ آنسو بہانا
بس اتنی گذارش ہے تم مسکرانا
ترے پیار میں رنگ بھرتے رہیں گے
کہ دل بن کے دل میں دھڑکتے رہیں گے۔ تجھے پیار

ختم شد

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	تیل عطر سازی	2/-/-
ورکشاپ گائیڈ	4/-/-	گھڑی سازی	2/8/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	ریڈیو گائیڈ	4/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	صابن سازی	1/8/-
دشنکر مادریں	6/-/-	مکمل مرغی خانہ سہ حصہ	4/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	تمباکو کی دکان	2/-/-
خراد شکشا	3/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
آئیل انجن گائیڈ	5/-/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
کپڑے بننے کا ہنر	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
مکمل فوٹوگرافی	2/8/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
روشنائی سازی	2/-/-	باورچی خانہ	2/8/-
خوبصورت نمو	1/8/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
جنتری پیمائش چوب	1/4/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
کاشتکاری باغبانی	1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اسلامی پریس دہلی